# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 4 کے لئے



Teacher's Guide: Kashfa Samad
Computer layout: Syed Majid Ali

Copyright © Bookgroup
**2019**

All rights reserved. No part of this book may be reproduced, transmitted or stored in an information retrieval system in any form or by any means, graphic, electronic or mechanical, including scanning, photocopying, taping and recording, without prior written permission from the publisher.

**Bookgroup**
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan.
uan: (9221) 111-825-336
phone: (9221) 3439-8186
email: info@bookgroup.org.pk
www.urdubooksforchildren.com
www.bookgroup.org.pk

Printed in Pakistan by
JTS Printers, Karachi

# ٹیچر کے لئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلق سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 5 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دوہرائی کروائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- ہوم ورک ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 1 کے لئے ایک بڑا آلو جو کئی جگہ سے پھوٹ رہا ہو اس کا انتظام کرلیں۔

# سیشن 1

**15 منٹ**

- بچوں کو کتاب دیں اور کہانی کا ٹائیٹل پڑھیں۔ کہانی پڑھنے سے پہلے بچوں سے پوچھیں کہ آلو کس کس کو پسند ہیں۔ ممکن ہے کہ سارے ہی بچوں کو پسند ہوں۔ ایک ایک کر کے ہر بچے سے اس کی پسندیدہ آلو سے بنی چیز کا نام پوچھیں۔ آلو کے بارے میں چند معلومات بتائیں۔

  - آلو ایک سبزی ہے جو زمین کے نیچے اگتی ہے۔
  - ایک آلو سے تقریباً 10 - 5 نئے آلو نکلتے ہیں۔
  - نئے آلو تقریباً 10 ہفتے / ڈھائی مہینے میں تیار ہوتے ہیں۔
  - آلو کے اوپر نشان آنکھ کہلاتے ہیں۔ نئے آلو کے پودے ان آنکھوں سے نکلتے ہیں۔ ( بچوں کو آلو پر آنکھ دکھائیں)
  - دنیا میں 1,000 سے زیادہ مختلف قسم کے آلو پیدا ہوتے ہیں۔
  - چین میں سب سے زیادہ آلو اگایا جاتا ہے۔
  - آلو دنیا میں سب سے زیادہ کھائے جانے والی سبزی ہے۔

**15 منٹ**

- اب بچوں کو کتاب **اتنے سارے آلو** دیں اور کہانی پڑھ کر سنائیں۔ 8 - 6 بچوں سے فرداً فرداً کہانی پڑھوائیں ساتھ ساتھ مشکل الفاظ کے معنی سمجھائیں۔

**15 منٹ**

- زمین کے اوپر اور زمین کے نیچے اگنے والی سبزیوں کو الگ الگ کالم میں بورڈ پر لکھیں۔ بچوں کو اس مشق میں شامل کریں۔

- بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی میں دو کالم بنائیں اور اپنی پسند کی 5 زمین کے اوپر اور 5 زمین کے نیچے اگنے والی سبزیوں کے نام لکھیں۔ بچے بورڈ پر لکھی سبزیوں کے نام بھی لکھ سکتے ہیں۔ نام لکھتے وقت اپنی سب سے زیادہ پسندیدہ سبزی سے لے کر سب سے کم پسندیدہ سبزی کی فہرست ترتیب وار بنائیں۔

## سیشن 2

**10 منٹ** • 8 - 6 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

**15 منٹ** • کہانی سے متعلق زبانی سوال جواب کریں۔ اس موقع پر کلاس میں نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔

1 دادا نے کتنے آلو چھپائے تھے؟
2 آلو کہاں چھپایا تھا؟
3 آلو چھپانے کے بعد ابی اور دادا نے کیا کیا؟
4 آپ کے خیال میں آلو کتنے دن میں تیار ہوئے۔
5 آلو کے بعد ابی اور دادا نے کون سی سبزی اگانے کا سوچا۔
6 ٹماٹر زمین کے اوپر اگتے ہیں یا زمین کے نیچے۔

**15 منٹ** • بچے اپنی کوپی نکالیں۔

- بورڈ پر دو کالم بنائیں بچوں کے ساتھ مل کر زمین کے نیچے اگنے والی سبزیوں کے نام اور ان کا انگریزی میں ترجمہ لکھیں۔
- بچے یہ کام اپنی کوپی میں کریں۔

| English | اردو | English | اردو |
|---|---|---|---|
| radish | مولی | potato | آلو |
| okra | بھنڈی | onion | پیاز |
| garlic | لہسن | carrot | گاجر |
| sweet potato | شکرقندی | turnip | شلجم |
| beetroot | چقندر | ginger | ادرک |

### ہوم ورک

**5 منٹ** • زمین کے اوپر اگنے والی کسی بھی 5 سبزیوں کے نام انگریزی ترجمہ کے ساتھ لکھ کر لائیں۔

## سیشن 3

**10 منٹ** • بچوں سے ہوم ورک کی کوپی لیں۔ چند ایک کوپیوں میں سے سبزیوں کے نام اردو اور انگریزی میں پڑھ کر سنائیں۔

**25 منٹ** • اس سیشن میں بچوں کو مذکر مونث تفصیل سے سمجھائیں۔

- بورڈ پر دو کالم بنا کر مذکر مونث لکھیں۔ بچے اس کو اپنی کوپی میں اتاریں۔ اس مشق میں بچوں کو بھی شامل کریں۔

| مونث | مذکر | مونث | مذکر |
|---|---|---|---|
| مامی | ماموں | دادی | دادا |
| بھابھی | بھائی | نانی | نانا |
| خالہ | خالو | امی | ابو |
| بہن | بہنوئی | چچی | چچا |

- دیے گئے مذکر مونث سے 3 جملے بنائیں ہر جملے میں دونوں الفاظ کا استعمال کریں۔
مثلاً : میرے دادا اور دادی مجھے پیار کرتے ہیں۔

### ہوم ورک

**10 منٹ** • املا کی تیاری کریں۔

مٹی چھپے چھپائے سارے نہیں اگلے تھوڑا صبر نظر جائیں صبح پیلے

## ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 4 کے لئے ورک شیٹ 1 کی بچوں کی تعداد کے مطابق فوٹو کوپی کروالیں۔

# سیشن 4

**20 منٹ** • بچے اپنی کوپی نکالیں۔ دیے گئے الفاظ کا املا کروائیں۔

• املا کی اصلاح۔
- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کریں۔ نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**20 منٹ** • بچوں میں ورک شیٹ 1 تقسیم کریں۔ بچوں کو سمجھائیں کہ سبزی کے نام خاکہ میں تلاش کر کے ان حروف کے گرد دائرہ بنائیں۔

### ہوم ورک

**5 منٹ** • اپنی پسندیدہ سبزی کے بارے میں 5 جملے لکھیں اور تصویر بنائیں۔

# ورک شیٹ 1

نام ______________ تاریخ ______________

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ر | ج | ا | گ | ت | ث | |
| خ | ڈ | و | ل | آ | چ | و |
| ی | ل | و | م | ذ | پ | ب |
| ر | ٹ | ا | م | ٹ | ا | ھ |
| ل | آ | ق | ٹ | . | ل | ی |
| .. | م | ے | ر | ڑ | ک | ب |
| ک | ژ | ی | ط | غ | ہ | ص |

آلو ٹماٹر گوبھی مٹر گاجر مولی پالک

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 5 کے لئے بچوں کی تعداد کے مطابق "8 x "8 کے سادے کاغذ اور کلر پنسل کا انتظام کرلیں۔

# سیشن 5

**10 منٹ** • بچوں کو اسم کے بارے میں بتائیں کہ کسی شخص، چیز یا جگہ کے نام کو اسم کہتے ہیں۔

- بچوں کو آس پاس کی چیزوں کا حوالہ دے کر اسم کا مطلب سمجھائیں۔ بچے اپنی کہانی کی کتاب کھولیں اور تصویریں دیکھیں۔ تصویروں میں اسم کی نشاندہی کریں۔ بچے جن چیزوں کے نام بتائیں ان کے نام بورڈ پر لکھیں اور بچے کوپی میں اتاریں۔

مثلاً : چڑیا بکری مرغی مرغا چوزا دادا ابی آلو کیڑے سورج پتے

**20 منٹ** • بچوں کو کاغذ اور کلر پنسل دیں۔ بچوں سے کہیں کہ جن چیزوں کے نام بورڈ پر لکھیں ہیں ان میں سے کسی بھی 5 چیزوں کی تصویریں بنائیں اور ان میں رنگ بھریں۔

**15 منٹ** • بورڈ پرحساب کے سوال لکھیں۔ بچے سوال کوپی میں اتاریں اور جواب لکھیں۔

- اگر ایک آلو سے 6 نئے آلو بنتے ہیں تو 5 آلو سے کتنے نئے آلو بنیں گے؟
- اگر ایک نیا آلو 60 دنوں میں تیار ہوتا ہے تو 5 نئے آلو کتنے دنوں میں تیار ہوں گے؟

# اتنے سارے آلو
## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup

Rs 150